دلائل سے ارکانِ اسلامی کی اہمیت واضح کی ہے۔ اور اس کی روح اور فلسفے کا ذکر کیا ہے۔ جوان ارکان میں کارفرما ہے۔ ارکان اسلام، نماز، روزہ، زکوٰۃ کے ناموں سے تو مسلمان واقف ہیں مگر ان کے فرائض واجبات سے بالکل آگاہ نہیں ہیں۔ زیرنظر کتاب میں وضو، اذان، جماعت وغیرہ کی تفصیل بڑے سادہ اور دلنشیں انداز میں بیان کی گئی ہے۔ اور ان میں ہر رکن کے اجزاء کی ترتیب میں جو اللہ تعالیٰ نے حکمتیں پوشیدہ رکھی ہیں۔ ان کی بابت سیر حاصل بحث کی گئی ہے۔ کتاب کے آخر میں نماز کے تمام کلمات کا آسان ترجمہ بھی دیا گیا ہے۔ جس سے نمازی اپنے منہ سے نکلنے والے کلمات کے معانی و مطالب بھی ذہن نشین کر سکتا ہے۔ روزے کے بارے میں مصنف نے اس کے طبی اور سائنسی پہلوؤں کو اجاگر کرنے کی کوشش کی ہے۔ اس کے مادی اور روحانی محاسن کا بالتفصیل ذکر کیا ہے اور زکوٰۃ، نماز تراویح اور صدقۂ فطر کی حکمتوں کو بڑے سادہ اور عام انداز میں تحریر کیا ہے۔

جریدہ: ماہنامہ ''نورٌ علیٰ نور'' کراچی (''اُمّ المومنین سیدہ عائشہ صدیقہؓ نمبر'')

مدیر: مولانا عبدالرشید انصاری

شمارہ: دسمبر ۲۰۰۲ء (اشاعت خاص)

قیمت: ۳۰ روپے/ ضخامت: ۶۶ صفحات/ ملنے کا پتا: مسجد عائشہ صدیقہؓ، سیکٹر 11-B نارتھ۔ کراچی

زیرنظر پرچہ میں اُم المومنین حضرت سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کے فضائل و خصائل پر مشتمل مضامین جمع کئے گئے ہیں۔ جن میں ''صدیقۂ کائنات، حبیبہ حبیب خداؐ'' (مولانا ضیاء القاسمیؒ) ''حضرت عائشہ صدیقہؓ کی فضیلت و بزرگی'' (مولانا فداء الرحمٰن درخواستی) ''اُمّ المومنین کا امت کے لیے تاریخ ساز کردار'' (سید سلیمان ندویؒ) ''باپ صدیق بیٹی صدیقہ'' (اقبال احمد صدیقی) ''درس گاہِ نبوت کی بے مثال طالبہ و معلّمہ (پروفیسر ریحان تبسم فاضلی) ''جگر گوشہ صدیق اکبرؓ'' (مولانا محمد شفیع) ''حبیبہ حبیب خدا، مادرِ موموناں کی غریب پروری'' (پروفیسر انوار الحق انصاری) ''جن کے شوہر ہیں سید الابرار'' (حمیرا بنت امین) واقعی قابل داد ہیں۔ اُمّ المومنین حمیرہ صدیقہؓ کی زندگی کے قریباً ہر گوشے پر اس طرح کی معلومات اس سے پہلے شاید ہی ایک جگہ جمع کی گئی ہوں۔ فاضل مدیر مولانا عبدالرشید انصاری کی یہ کاوش قابل تحسین ہے۔

کتاب: ''آئین وراثت''

تصنیف: قاضی محمد زاہد الحسینی

قیمت: ۷۰ روپے/ ضخامت: ۱۵۳ صفحات/ ناشر: مکتبہ زاہدیہ، مکی مسجد، محلہ مکی مسجد، اٹک شہر

کاغذ سفید، پرنٹنگ عمدہ، خوبصورت ٹائٹل کے ساتھ اپنے موضوع پر ایک مدلل کتاب تصنیف کی گئی ہے۔ جس میں حقوق وراثت اور اسلام، وراثت میں غلط اقدام کا عذاب، وارثوں کی پوری تلاش، وارثوں کی اقسام قرآن و سنت کی روشنی میں، غیر مسلموں کا آئین وراثت، تقسیم ترکہ اور اس کے طریقے وغیرہ پر سیر حاصل بحث کی گئی ہے۔ اس بات پر زور دیا گیا ہے کہ وراثت کی تقسیم میں بہت زیادہ احتیاط کی ضرورت ہے۔ شرعی لحاظ سے جتنے جتنے اور جو جو وارث کسی ترکہ کے بنتے ہیں، انہیں